01/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست کے اہل معذورافرادکومفت

موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرائے جانے کیلئے ترمیم شدہ ضابطہ نامہ جاری

-لکھنؤ : یکم دسمبر ۲۰۲۱ء

ریاست کے اہل معذورافرادکومفت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرائے جانے کے ضمن میں ضابطہ نامہ-2021 کے نکتہ نمبر-5 کو رواں مالیاتی سال کے واسطے ترمیم کردیا گیا ہے۔ضابطہ میں یہ ترمیم وزیراعلیٰ کے اعلانیہ کے مطابق ریاست کے ہرلوک سبھا حلقہ میں 100-100 اہل معذورافرادکو مفت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرائے جانے کیلئے کیا گیا ہے۔

اس ضمن میں ایڈیشنل چیف سکریٹری،معذورافراد مستحکم کاری جناب ہیمنت راؤنے حکم نامہ جاری کردیا ہے۔حکم نامہ کے مطابق رواں مالیاتی سال 22-2021 کیلئے اہل مستفیدین کوموٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل سے مستفید کیے جانے کیلئے صد فیصد مالی امدادریاستی حکومت کے ذریعہ کی جائیگی۔

اس اسکیم کے تحت گرانٹ کی زیادہ سے زیادہ رقم موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل کا اصل یاماضی میں کیے گئے انتظامات کے مطابق -/25000 جوبھی کم ہو، فی معذورفردکومنظورہوگی۔اگرموٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل کی قیمت -/25000 سے زائدہوتی ہے تو گرانٹ کی زائدرقم -/25000 کے علاوہ آنے والا اضافی خرچ مستفید ہونے والے فرد کے ذریعہ ازخود برداشت کیا جائیگا۔اس کی بھرپائی ایم ایل اے فنڈ/ایم پی فنڈ/سی ایس آر یادیگرکسی مالی امدادکےتوسط سے بھی کی جاسکے گی۔اس اضافی رقم کی ادائیگی براہ راست سپلائی کردہ فرم کوکی جائیگی۔سپلائی کردہ فرم کو یہ رقم حاصل ہونے کے بعدسرکاری گرانٹ کی رقم فرم کومحکمہ کے ذریعہ فراہم کرادی جائیگی اورموٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل کی فراہمی کویقینی بنایا جائیگا۔

حکم نامہ کے مطابق اترپردیش کے اہل معذورافرادکومفت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل فراہم کرائے جانے کی اسکیم کے تحت موٹرائیزڈ ٹرائی سائیکل کی خریداری کی کارروائی جیم پورٹل کے توسط سے ضابطہ کے مطابق شفاف عمل کی تقلید کی جائیگی۔ضابطہ کی باقی شرائط پہلے والی ہ رہیں گی۔

☆☆☆☆☆